
NHS
Test and Trace

ٹیسٹ شروع کرنے سے پہلے اس پورے رہنما کو دھیان سے پڑھیں۔
یہ ٹیسٹ اس سے مختلف ہوسکتا ہے جو آپ نے پہلے استعمال کیا ہے۔

# MP Biomedicals ریپڈ SARS-CoV-2 اینٹیجین ٹیسٹ کارڈ کے لیے آپ کا قدم بہ قدم رہنما




استعمال کی یہ ہدایات صرف MP Biomedicals ریپڈ SARS-CoV-2 اینٹیجین ٹیسٹ کارڈ 07AG6007BS، سے متعلق ہیں۔

یہ رہنما وضاحت کے ساتھ بتاتا ہے کہ COVID-19 کے مدنظر کس طرح خود کا یا دوسرے فرد کا ٹیسٹ کیا جائے، اور NHS کو نتائج کی رپورٹ کی جائے۔

**متبادل زبان** کے ورژن بشمول ویلش اور مظاہرے درج ذیل پر دستیاب ہیں
**gov.uk/covid19-self-test-help**

**اپنے تمام ٹیسٹ کے نتائج کی رپورٹ NHS کو کریں**

Withdrawn January 2024

# آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے

15
منٹ کا
سیٹ اپ

## آپ کا قدم بہ قدم رہنما

براہ کرم احتیاط سے استعمال کے لیے ہدایات پر عمل کریں۔ اور درست ترتیب میں اقدامات پر عمل کریں۔ ہر ٹیسٹ کو ترتیب دینے میں لگ بھگ 15 منٹ لگتے ہیں اور نتائج مزید 15 منٹ کے بعد تیار ہوں گے۔

### اس کتابچہ کے مشمولات



| سیکشن | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 1 | اپنے ٹیسٹ کی جگہ تیار کریں | 6 |
| | اپنے ٹیسٹ کٹ کے مشمولات کی پڑتال کریں | 7 |
| 2 | اپنا ٹیسٹ ترتیب دیں | 8 |
| 3 | اپنے سویب کا نمونہ لیں | 10 |
| | کسی اور کی مدد کرنا | 11 |
| 4 | سویب کے نمونے پر کارروائی کریں | 12 |
| 5 | اپنا نتیجہ پڑھیں | 14 |
| 6 | اپنے نتیجے کی رپورٹ کریں | 15 |
| 7 | آپ کے نتائج کا کیا مطلب ہے | 16 |
| 8 | ٹیسٹ کی کارکردگی | 17 |
| 9 | اپنی ٹیسٹ کٹ بحفاظت ضائع کریں | 17 |
| | اپنے ٹیسٹ کے نتائج کا ایک نوٹ بنائیں | 18 |



### COVID-19 میں مبتلا تقریبا 3 افراد میں سے 1 کو معلوم نہیں ہوتا ہے کہ وہ اس کا شکار ہے۔

باقاعدہ از خود ٹیسٹنگ کی مدد سے ہم پھیلاؤ کو کم کر سکتے ہیں اور اپنے خاندانوں اور سماج میں سب سے مصیبت زدہ افراد کا تحفظ کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔



## ٹیسٹ کرنے کے بارے میں مشورہ

آپ کی مدد کے لیے رہنما کے ساتھ مفید نکات، مشورے اور انتباہ والے خانے دیئے گئے ہیں۔ قدم بہ قدم ان ہدایات پر احتیاط سے عمل کرنے پر، آپ کے پاس معتبر نتیجہ حاصل کرنے کا زیادہ بہتر موقع ہوگا۔

### عمومی رہنمائی اور انتباہات

- اگر آپ نے ناک چھدوایا ہے تو سویب لینے سے پہلے پیئرسنگ کو ہٹا دیں۔
- سویب لینے کے دوران اگر آپ کو ناک سے جریان خون کا سامنا ہوتا ہے تو، براہ کرم سویب لینا روک دیں۔ سویب کا ٹیسٹ نہیں کیا جا سکتا ہے۔
- یہ پروڈکٹ فطری ربر لیٹیکس سے نہیں بنایا گیا ہے۔ تاہم اصل صارف کو جس طرح یہ پروڈکٹ ڈیلیور کیا گیا ہے اس میں فطری ربر لیٹیکس کی موجودگی یا سراغ کو مکمل طور پر خارج نہیں کیا جا سکتا۔
- ٹیسٹ کٹ کو چھوٹے بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔
- سویب کے نمونے لینے کے اقدامات پر بہت احتیاط سے عمل کریں اور ہمیشہ اس کٹ کے ساتھ فراہم کردہ سویب استعمال کریں۔ نمونے کو صحیح طریقے سے اکٹھا کرنے میں ناکامی ٹیسٹ کے غلط نتائج کا سبب بن سکتی ہے۔
- بصارتی نقص والے افراد سمیت جن افراد کو اضافی مدد کی ضرورت ہے، ان کی مدد کسی دوسرے بالغ فرد کے ذریعہ کی جا سکتی ہے۔ ٹیسٹ کرتے وقت صفحہ 11 کی اضافی معلومات پر خصوصی توجہ دیں۔

**انتباہ**

تاریخ میعاد ختم ہونے کے بعد پروڈکٹ استعمال نہ کریں۔

**مشورہ**

- ٹیسٹ کٹ کو ٹھنڈی خشک جگہ (4°C تا 30°C) میں رکھیں۔
- براہ راست دھوپ میں مت رکھیں اور فرج یا فریزر میں اسٹور مت کریں کیونکہ یہ ٹیسٹ کے غلط نتائج کا سبب بن سکتا ہے۔
- اگر مہر بند ریپر خراب ہو گیا ہو یا سیل ٹوٹ گئی ہو تو ٹیسٹ کارڈ استعمال مت کریں۔
- کٹ کو کمرے کے درجۂ حرارت (15°C تا 30°C) پر استعمال کرنا چاہیے۔ اگر کٹ کو 15°C سے کم والی جگہ پر اسٹور کیا گیا ہو تو استعمال کرنے سے پہلے اسے 30 منٹ تک کمرے کے معمول کے درجۂ حرارت پر رہنے دیں۔


Withdrawn January 2024

# اس ٹیسٹ کے بارے میں

## آپ کو از خود ٹیسٹ کیوں کرنا چاہیے

یہ COVID-19 از خود ٹیسٹ کٹ ناک کے لیے ایک سویب ٹیسٹ ہے یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ انفیکشن پھیلانے والے ہیں۔ یہ ان لوگوں کے لیے ہے جن میں علامات ہیں اور ساتھ ہی ان لوگوں کے لیے جن میں علامات نہیں ہیں۔ تاہم آپ کو ملکی رہنما خطوط پر عمل کر کے چیک کرنا چاہیے کہ آپ کے لیے کس قسم کا ٹیسٹ ٹھیک ہے۔

### اگر COVID-19 کے لیے آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو آپ کو یہ کرنا چاہیے:

- بیماری کے پھیلاؤ کو محدود کرنے میں تعاون کریں، آپ اور آپ کے گھرانے کو حکومت کے حالیہ رہنما خطوط پر عمل کرنا چاہیے:
  **nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/self-isolation-and-treatment/**
- اپنی علامات شروع ہونے کے بعد سے پچھلے 48 گھنٹوں میں یا اگر کوئی علامت نہیں ہے تو ٹیسٹ کا مثبت نتیجہ دکھائی دینے کے دن سے آپ جن لوگوں کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے ہیں یا جن مقامات پر گئے ہیں ان کے بارے میں بتائیں تاکہ ممکنہ COVID-19 کے انفیکشن کے لیے ٹیسٹ کر وایا جاسکے۔ مقامی اور ملکی رہنما خطوط پر ہمیشہ عمل کریں۔

### اگر COVID-19 کے مدنظر آپ کی جانچ منفی ہے

اس امر کا امکان ہے کہ ٹیسٹ کیے جانے کے وقت آپ متعدی نہیں تھے۔ تاہم، ٹیسٹ کا منفی نتیجہ اس بات کی ضمانت نہیں ہے کہ آپ میں کورونا وائرس نہیں ہے۔ آپ کو حکومت کے رہنما خطوط پر عمل کرنا جاری رکھنا چاہیے۔

**مشورہ**

اگر آپ یا آپ کے بچے/بچوں کو کورونا وائرس (COVID-19) کی علامات ہوں یا کورونا وائرس (COVID-19) کی زد میں آئے ہوں تو، براہ کرم آن لائن NHS کی رہنمائی سے رجوع کریں:
**nhs.uk/conditions/coronavirus-COVID-19**

اگر آپ یا آپ کے بچے/بچوں کو کورونا وائرس (COVID-19) کی علامات ہوں اور کیفیت بگڑ جائے، یا 7 دنوں کے بعد آپ یا آپ کے بچے/بچوں کی طبیعت بہتر نہ ہو تو، **111** NHS آن لائن سروس: **111.nhs.uk** ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کی رسائی انٹرنیٹ تک نہ ہو تو، **111** NHS کو کال کریں۔ طبی ایمرجنسی کے لیے **999** ڈائل کریں۔

**اگر آپ کو فکر لاحق ہو تو مدد حاصل کرنے میں تاخیر مت کریں۔ اپنے وجدان پر بھروسہ کریں۔**



## یہ ٹیسٹ کس کے لیے موزوں ہے

### 14 سال سے کم عمر کے بچے

بالغ فرد کے ذریعہ مدد کی جانی چاہیے۔ اگر آپ کسی بچے کی مدد کرنے میں پُر اعتماد محسوس نہیں کرتے ہیں تو یہ ٹیسٹ نہ کریں۔ (بچوں کی مدد کرنے سے متعلق مزید معلومات کے لیے براہ کرم صفحہ 11 دیکھیں)

### 14 سال اور اس سے زیادہ عمر والے افراد

14-17 سال کی عمر کے جوان، بالغوں کی نگرانی میں خود ٹیسٹ کر سکتے ہیں۔
اگر ضرورت ہو تو مدد کے ساتھ، دیگر تمام افراد از خود ٹیسٹ کریں اور رپورٹ کریں۔

### کتنی مرتبہ ٹیسٹ کرنا ہے

آپ کو کتنی بار ٹیسٹ کرنا چاہیے یہ آپ کے حالات اور موجودہ ملکی یا مقامی رہنما خطوط پر انحصار کرتے ہوئے مختلف ہو سکتا ہے۔

### اضافی مدد کہاں سے تلاش کریں


از خود ٹیسٹ کی مزید معلومات یہاں سے حاصل کریں:
**gov.uk/covid19-self-test-help**

Withdrawn January 2024

# 1. اپنے ٹیسٹ کی جگہ تیار کریں

**آپ کو ضرورت ہوگی:** ایک گھڑی یا دیوار گھڑی، ٹشو، سطح کی صفائی والا مواد، ہینڈ سینیٹائزر یا صابن اور گرم پانی تک رسائی۔


1 دستاویز کو استعمال کرنے کے لیے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں۔
اگر آپ کو مزید مدد درکار ہو تو آپ سویب ٹیسٹ کی ویڈیو آن لائن بھی دیکھ سکتے ہیں: **gov.uk/guidance/covid-19-self-test-help**



2 ٹیسٹ شروع کرنے سے عین قبل، ٹیسٹ کٹ کو رکھنے کے لیے ایک سپاٹ سطح کو صاف، صفائی اور خشک کریں۔



3 صابن اور گرم پانی، یا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کر کے، 20 سیکنڈ تک اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔
اگر آپ ایک سے زیادہ افراد کا ٹیسٹ کر رہے ہیں یا باطل ٹیسٹ دہرا رہے ہیں تو ہر ٹیسٹ کے درمیان اپنے ہاتھوں کو دوبارہ دھوئیں۔





یہ ہدایاتی کتابچہ صرف MP Biomedicals ریپڈ SARS-CoV-2 اینٹیجین ٹیسٹ کارڈ سے متعلق ہے، پروڈکٹ کوڈ: 07AG6007BS۔




# کٹ کے مشمولات کی پڑتال کریں


4 آپ کے ٹیسٹ باکس میں درج ذیل تمام مشمولات ہونے چاہئیں۔ یقینی بنائیں کہ کوئی بھی چیز خراب یا ٹوٹی ہوئی نہ ہو۔




ٹیوب اسٹینڈ




مہر بند ریپر میں ٹیسٹ کارڈ



استخراجی بفر بوتل



مہر بند ریپر میں جراثیم سے پاک سویب



استخراجی ٹیوب

**مشورہ**

**اگر کوئی چیز خراب، ٹوٹی ہوئی یا غائب ہو تو، کیا کریں**
اگر آپ کو کوئی چیز خراب شدہ، ٹوٹی ہوئی یا غائب نظر آتی ہے تو، براہ کرم ٹیسٹ کٹ استعمال نہ کریں۔ آپ کسٹمر کنٹیکٹ سنٹر پر کال کرکے فیڈ بیک فراہم کرسکتے ہیں۔
لائنیں روزانہ، 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں۔

کال کریں: **119** (موبائل اور لینڈ لائنوں سے مفت)۔
ہم 200 زبانوں نیز برطانوی اشاراتی زبان میں تعاون پیش کرتے ہیں۔

اگر آپ کو ڈیوائس سے ایسا ضرر پہنچتا ہے جس کی رپورٹ کرنے سے دوسروں کو مدد مل سکتی ہے، تو براہ کرم اس پر جائیں:
**coronavirus-yellowcard.mhra.gov.uk**


یہ ہدایاتی کتابچہ صرف MP Biomedicals ریپڈ SARS-CoV-2 اینٹیجین ٹیسٹ کارڈ سے متعلق ہے، پروڈکٹ کوڈ: 07AG6007BS۔



Withdrawn January 2024


# 2. اپنا ٹیسٹ ترتیب دیں

**5** مائع کے چھلکنے سے بچنے کے لیے استخراجی ٹیوب کو ٹیوب اسٹینڈ میں رکھیں۔




**6** استخراجی بفر بوتل کے ڈھکن کو گھمائیں۔

**احتیاط:** استخراجی بفر بوتل کو اپنے چہرے سے دور رکھ کر کھولیں اور دھیان رکھیں کہ ذرا بھی مائع باہر نہ چھلکے۔




**7** استخراجی بفر بوتل سے تمام بفر محلول کو استخراجی ٹیوب میں نچوڑ لیں۔

**احتیاط:** بوتل کو ٹیوب کے ساتھ ٹچ ہونے سے بچائیں۔




**8** ٹشو میں آہستگی سے اپنی ناک صاف کریں اور ٹشو کو بند کوڑے دان میں پھینک دیں۔

اگر آپ کسی بچے کا ٹیسٹ کر رہے ہیں تو ان کی ناک صاف کرنے میں ان کی مدد کریں۔ یہ اس لیے ہے تاکہ آپ زائد بلغم سے چھٹکارا پا جائیں۔






**9** صابن اور گرم پانی استعمال کر کے دوبارہ 20 سیکنڈ تک اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔





**10** مہر بند ریپر میں سویب کو تلاش کریں۔ سویب پر نرم، فیبرک والے سرے کی پہچان کریں۔



**11** ادھیڑ کر سویب ریپر کو کھولیں اور سویب کو احتیاط سے باہر نکالیں۔

**انتباہ**

سویب کے نرم، فیبرک والے سرے کو اپنے ہاتھوں سے مت چھوئیں




Withdrawn January 2024

Withdrawn January 2024


# 3. اپنے سویب کا نمونہ لیں

**انتباہ**


ٹیسٹ صرف ناک سے سویب نمونے کا استعمال کر کے انجام دیا جانا چاہئے۔ اگر آپ سویب کی ہدایات پر احتیاط سے عمل نہیں کرتے ہیں تو یہ ٹیسٹ کے غلط نتائج کا سبب بن سکتا ہے۔

**اگر 14 سال سے کم عمر کے بچے کی، یا جس فرد کو اعانت درکار ہو اس کی مدد کر رہے ہیں تو، صفحہ 11 پر درج مراحل پر عمل کریں۔**

**12** سویب کو احتیاط سے ایک نتھنے میں داخل کریں۔ سویب کے سرے کو نتھنے کے کنارے سے 2.5 سنٹی میٹر سے کم داخل نہیں کیا جانا چاہئے۔




**13** اپنے نتھنے کے اندر چاروں طرف مدور حرکت میں 3-4 بار سویب کو آہستگی سے گھمائیں۔ اسے آہستگی سے نکالیں۔ طاقت لگانے کی ضرورت نہیں ہے اور آپ کو اپنے نتھنے میں کافی اندر تک نہیں دھکیلنا ہے۔




**احتیاط:** یہ تکلیف دہ محسوس ہوسکتا ہے۔ اگر آپ تیز مزاحمت یا درد محسوس کریں تو سویب کو گہرائی تک مت داخل کریں۔

**اسی سویب کا استعمال کرتے ہوئے، دوسرے نتھنے کے لیے 12 اور 13 والے مراحل دہرائیں۔**



# کسی اور کی مدد کرنا


14 سال سے کم عمر کے بچوں کی مدد کسی بالغ فرد کو کرنی چاہیے۔ تیاری اور بچے یا تعاون کے ضرورت مند شخص کی مدد کرنے کے طریقے سے متعلق ذیل کی رہنمائی پر عمل کریں۔ آپ ایک مظاہرہ ویڈیو **gov.uk/guidance/covid-19-self-test-help** پر دیکھ سکتے ہیں۔

اگر آپ کسی بچے کی مدد کر رہے ہیں تو، انہیں ٹیسٹ کٹ دکھائیں اور ان سے بات کریں کہ آپ کیا کرنے جا رہے ہیں۔ ٹشو میں بچے سے اپنی ناک صاف کرنے کے لیے کہیں۔ ٹشو کو بند کوڑے دان میں پھینک دیں۔

**12** سویب کو احتیاط سے ان کے ایک نتھنے میں داخل کریں۔ سویب کے سرے کو مزاحمت محسوس ہونے تک داخل کیا جانا چاہئے۔



**13** ان کے نتھنے میں چاروں طرف مدور حرکت میں 3-4 بار سویب کو آہستگی سے گھمائیں۔ اسے آہستگی سے نکالیں۔ طاقت لگانے کی ضرورت نہیں ہے اور آپ کو ان کے نتھنے میں کافی اندر تک نہیں دھکیلنا ہے۔




**احتیاط:** یہ تکلیف دہ محسوس ہوسکتا ہے۔ اگر وہ تیز مزاحمت یا درد محسوس کریں تو سویب کو گہرائی تک مت داخل کریں۔


**اسی سویب کا استعمال کرتے ہوئے، دوسرے نتھنے کے لیے 12 اور 13 والے مراحل دہرائیں۔**

# 4. سویب کے نمونے پر کارروائی کریں


**مشورہ**

بہترین کارکردگی کے لیے، اپنے نتھنوں کو سویب کرنے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو ناک کے سویب کا ٹیسٹ کریں۔

**14** استخراجی ٹیوب لیں اور نمونے کے ساتھ سویب کو استخراجی ٹیوب میں رکھیں۔ 5-3 بار سویب کو گھمائیں۔ سویب کو استخراجی محلول میں 1 منٹ کے لیے چھوڑیں۔




**15** ٹیوب میں زیادہ سے زیادہ محلول رکھنے کے لیے سویب کو نکالتے وقت انگلیوں کے سہارے استخراجی ٹیوب کو بھینچیں۔ سویب کو واپس سویب ریپر میں رکھ دیں۔



**16** ڈراپر کیپ کو استخراجی ٹیوب کے اوپر مضبوطی سے فٹ کریں۔




**مشورہ**



اس مرحلے کو مکمل کرنے کے بعد دوبارہ اپنے ہاتھوں کو دھوئیں۔



**17** فوائل پاؤچ کھولیں اور ٹیسٹ کارڈ کو نکالیں۔




**انتباہ**

ایک بار کھولنے کے بعد، ٹیسٹ کارڈ کو فورا استعمال کر لینا چاہیے۔


**18** یقینی بنائیں کہ ٹیسٹ کارڈ صاف، ہموار اور سپاٹ سطح پر ہو۔

ٹیسٹ کے دوران کارڈ کو نہ ہلائیں۔




**19** ٹیسٹ کے نمونے کے 3 قطروں کو ٹیسٹ کارڈ پر ویل (S کے ساتھ نشان زد) کے اندر رکھنے کے لیے استخراجی ٹیوب کو آہستگی سے دبائیں۔

**احتیاط:** یقینی بنائیں کہ آپ مائع ٹپکا رہے ہیں اور ویل میں ہوا کے بلبلے شامل نہ ہوں۔




**20** ٹائمر سیٹ کریں اور اپنا نتیجہ پڑھنے سے قبل 15 منٹ انتظار کریں۔ مثبت نتیجہ کبھی بھی ظاہر ہو سکتا ہے، مگر منفی نتیجہ ریکارڈ کرنے کے لیے آپ کو پورے 15 منٹ تک انتظار کرنا چاہیے کیونکہ ٹیسٹ لائن (T) کو ظاہر ہونے میں اتنا وقت لگ سکتا ہے۔




اگلے صفحہ پر اپنے نتیجے کو پڑھنے اور اس کی رپورٹ کرنے کا طریقہ معلوم کریں۔ >>

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف MP Biomedicals ریپڈ SARS-CoV-2 اینٹیجین ٹیسٹ کارڈ سے متعلق ہے، پروڈکٹ کوڈ: 07AG6007BS۔




Withdrawn January 2024

# 5. اپنا نتیجہ پڑھیں

**اہم**




ٹیسٹ کو 20 منٹ سے زیادہ دیر تک تیار ہونے کے لیے مت چھوڑیں کیونکہ اس سے نتیجہ غلط ہو جائے گا۔





## مثبت نتیجہ

دو لکیریں نمودار ہوتی ہیں۔ ایک رنگین لکیر کنٹرول لائن والے حصہ (C) میں ہونی چاہیے، اور دوسری رنگین لکیر ٹیسٹ لائن والے حصہ (T) میں ہونی چاہیے۔ دو لائنیں، ایک C سے آگے اور ایک T سے آگے، حتی کہ دھندلی لائنیں ظاہر کرتی ہیں کہ ٹیسٹ مثبت ہے۔


**اہم**

اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت ہے تو آپ کو چاہیے کہ خود کو آئسولیٹ کریں اور آپ کے گھرانے کو چاہیے کہ خود کو آئسولیٹ کرنے سے متعلق حکومت کے رہنما خطوط پر عمل کریں:
**nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/self-isolation-and-treatment/**




## منفی نتیجہ

ایک رنگین لکیر کنٹرول لائن والے حصہ (C) میں نمودار ہوتی ہے۔ ٹیسٹ لائن والے حصہ (T) میں کوئی لکیر نمودار نہیں ہوتی ہے۔




## باطل نتیجہ


کنٹرول لائن (C) نمودار ہونے میں ناکام ہوتی ہے۔

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف MP Biomedicals ریپڈ SARS-CoV-2 اینٹیجن ٹیسٹ کارڈ سے متعلق ہے، پروڈکٹ کوڈ: 07AG6007BS.



# 6. اپنے نتیجے کی رپورٹ کریں


## آپ کو چاہیے کہ NHS کو اپنے مثبت، منفی اور باطل نتائج کی رپورٹ کریں۔




تمام ٹیسٹ کے نتائج کو ریکارڈ کرنے سے سائنس دانوں کو وائرس کی نئی ابتلاء کا پتہ لگانے اور اس پر جوابی اقدام کرنے کا طریقہ بتانے میں مدد ملتی ہے۔ اگر لوگ صرف مثبت نتیجے کی ہی رپورٹ کریں تو، کیسز کی سطحیں اس سے زیادہ نظر آتی ہیں جتنی واقعتاً وہ ہیں۔

لہذا یہاں تک کہ آپ کا نتیجہ منفی یا باطل ہو تو، آپ NHS کی معلومات درست رہنے کو یقینی بنائیں گے۔


آپ کو اپنے نتیجے کی رپورٹ کرنے کے لیے درج QR کوڈ، یا اس کے نیچے موجود ID نمبر درکار ہوتا ہے۔



## آن لائن رپورٹ کریں (جلد سے جلد)

اگر آپ انگلینڈ، ویلز یا شمالی آئرلینڈ میں رہتے ہیں تو ملاحظہ کریں:
**gov.uk/report-covid19-result**

اگر آپ اسکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں تو ملاحظہ کریں:
**covidtest.scot**



## یا بذریعہ ٹیلیفون رپورٹ کریں

**119** پر کال کریں

لائنیں روزانہ، 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں، (موبائل اور لینڈ لائنوں سے مفت)۔

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف MP Biomedicals ریپڈ SARS-CoV-2 اینٹیجن ٹیسٹ کارڈ سے متعلق ہے، پروڈکٹ کوڈ: 07AG6007BS.



Withdrawn January 2024

# 7. آپ کے نتائج کا کیا مطلب ہے

## آپ کا ٹیسٹ صرف اسی وقت مکمل ہوتا ہے جب آپ نے اپنے نتیجے کی رپورٹ کر دی ہو

### مثبت نتیجہ

اگر آپ کو مثبت نتیجہ حاصل ہوتا ہے تو، اس کا امکان ہے کہ آپ فی الحال COVID-19 سے متاثر ہیں۔ اور دوسروں کو متاثر کرنے کے خطرے کی زد ہیں۔ آپ کو خود کو آئسولیٹ کرنا چاہیے۔ جب آپ اپنے نتیجے کی رپورٹ دیں گے، تو آپ کو اگلے مراحل انجام دینے کے بارے میں مزید معلومات فراہم کی جائیں گی۔

**انتباہ**

آپ، اور جو بھی آپ کے ساتھ رہتا ہے، اسے موجودہ ملکی اور مقامی رہنمائی پر عمل کرنا چاہیے۔ اسے **nhs.uk/conditions/coronavirus-COVID-19/self-isolation-and-treatment/** پر معلوم کیا جاسکتا ہے یا **119** پر کسٹمر کنٹیکٹ سنٹر کو کال کر کے معلوم کیا جاسکتا ہے۔ لائنیں روزانہ 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں۔

### منفی نتیجہ

اگر آپ کو منفی نتیجہ ملتا ہے تو، اس امر کا امکان ہے کہ ٹیسٹ کیے جانے کے وقت آپ متعدی نہیں تھے۔ تاہم، ٹیسٹ کا منفی نتیجہ اس بات کی ضمانت نہیں ہے کہ آپ میں COVID-19 نہیں ہے۔

اگر آپ کا ٹیسٹ منفی ہے تو، آپ پر لازم ہے کہ ملکی اور مقامی اصولوں اور رہنما خطوط پر عمل کرتے رہیں، جس میں باقاعدگی سے ہاتھ دھونا، سماجی دوری بنانا اور ضرورت پڑنے پر فیس کورنگس پہننا شامل ہے۔

اگر آپ میں علامات فروغ پاتی ہیں تو آپ کو خود کو آئسولیٹ کرنا چاہیے اور یہاں سے موجودہ تجویز کردہ ٹیسٹ حاصل کرنا چاہیے: **gov.uk/get-coronavirus-test** یا **119** کسٹمر کنٹیکٹ سنٹر کو کال کر کے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ لائنیں روزانہ 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں۔

آپ کو اور آپ کے گھرانے کو قومی ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔



### باطل نتیجہ

اگر آپ کو باطل نتیجہ حاصل ہوتا ہے تو اس کا مطلب یہ کہنا ممکن نہیں ہے کہ جب آپ کا ٹیسٹ کیا گیا تھا تو کیا آپ کو وائرس تھا۔ چیک کرنے کے لیے کہ آپ کو کورونا وائرس ہے یا نہیں، جلد از جلد دوسرا ٹیسٹ کروائیں۔ پہلے ٹیسٹ سے کسی بھی چیز کا دوبارہ استعمال نہ کریں، اور مرحلہ 1 سے ٹیسٹ کا طریقہ کار شروع کریں۔

## اگر مسئلہ برقرار رہتا ہے

اگر مسئلہ برقرار رہتا ہے تو، ٹیسٹ کٹ کا استعمال فوری طور پر بند کر دیں۔ اگر آپ کے پاس دوسرا ٹیسٹ دستیاب نہیں ہے تو، آپ NHS COVID-19 ایپ کی معرفت یا: **gov.uk/get-coronavirus-test** کو ملاحظہ کر کے یا کسٹمر کنٹیکٹ سنٹر کو **119** پر کال کر کے مختلف قسم کا ٹیسٹ کر سکتے ہیں۔ لائنیں روزانہ 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں۔

## 8 ٹیسٹ کی کارکردگی

اگر کسی کو اعلی درجے کا کورونا وائرس (COVID-19) ہے تو ٹیسٹ سے مثبت نتیجہ ملنے کا زیادہ امکان ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اس سے ایسے لوگوں کا پتہ لگنے کا سب سے زیادہ امکان ہے جو فی الحال متعدی ہیں اور جنہیں فوری طور پر خود کو آئسولیٹ کرنے کی ضرورت ہے۔

## 9 اپنی ٹیسٹ کٹ بحفاظت ضائع کریں

آپ کا ٹیسٹ مکمل ہو جانے پر، استعمال شدہ کٹ کے تمام مواد اپنے عمومی گھریلو کچرے میں ڈالیں۔

تلف کرنے کے بعد اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔

Withdrawn January 2024

## اپنے ٹیسٹ کے نتائج کا ایک نوٹ بنائیں

یہ آپ کے اپنے ریکارڈ کے لیے ہے۔ آپ کو اب بھی NHS کو اپنے نتیجے کی رپورٹ کرنی چاہیے (معلومات کے لیے صفحہ 15 دیکھیں)۔
ملاحظہ کریں: **gov.uk/report-covid19-result**
اگر آپ اسکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں تو ملاحظہ کریں: **covidtest.scot**

| ٹیسٹ کٹ کا QR کوڈ / ID نمبر | ٹیسٹ کس نے کیا ہے | تاریخ | وقت | ٹیسٹ کا نتیجہ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |



## آپ کی کٹ درج ذیل اشیاء پر مشتمل ہے

| آئٹم | **7**-پیک |
|---|---|
| مہر بند ریپر میں ٹیسٹ کارڈ | 7 |
| مہر بند ریپر میں جراثیم سے پاک سویب | 7 |
| استخراجی ٹیوب | 7 |
| استخراجی بفر بوتل | 7 |
| استعمال کے لیے ہدایات (یہ دستاویز) | 1 |
| ٹیوب اسٹینڈ | 1 |

Withdrawn January 2024

NHS
Test and Trace

اس ڈیوائس کی سپلائی کی صرف NHS ٹیسٹ اینڈ ٹریس پروگرام کے تحت ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ سوشل کیئر (DHSC) کی تعیناتی کے حصے کے بطور اجازت ہے۔

CE 0123

مینوفیکچرر:
MP Biomedicals Germany GmbH
Thueringer Str. 15 37269
Eschwege,
Germany (جرمنی)

CE 0197

سویپ مینوفیکچرر:
Jiangsu Hanheng Medical Technology Co.,Ltd. 16-B4, #1 North Qingyang Road, Tianning District, 213017, Changzhou, Jiangsu, China (چین)

EC REP
Luxus Lebenswelt GmbH
Kochstr.1, 47877, Willich,
Germany (جرمنی)

CE 0197

سویپ مینوفیکچرر:
Goodwood Medical Care Ltd. 1-2 Floor, 3-919 Yongzheng Street, Jinzhou District, Dalian, 116100 Liaoning, China (چین)

EC REP
CMC Medical Devices & Drugs S.L.
C/ Horacio Lengo No18, CP 29006, Màlaga,
Spain (اسپین)

## علامات کا اشاریہ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 4°C – 30°C | 4 – 30°C کے اندر اسٹور کریں | STERILE EO | ایتھلین آکسائیڈ کا استعمال کر کے جراثیم سے پاک کیا ہوا | | مینوفیکچرر | Σ 7 | 7 ٹیسٹ کے لیے کافی ہے |
| LOT | لاٹ نمبر | | اس تاریخ تک استعمال کریں | IVD | ان وٹرو ڈائگنوسٹک میڈیکل ڈیوائس | | اگر پیکیج خراب شدہ ہو تو استعمال مت کریں |
| | دھوپ سے دور رکھیں | | احتیاط | | دوبارہ استعمال مت کریں | | ری سائیکل کے قابل |
| | خشک رکھیں | i | ہدایات برائے استعمال سے رجوع کریں | CE | یورپی مطابقت | REF | کیٹلاگ نمبر |
| EC REP | مجاز نمائندہ | | | | | | |

اس دستاویز میں درج تمام معلومات اور تصاویر 24/09/2021 تک درست ہیں۔ ورژن 0002

REF 07AG6007BS

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف MP Biomedicals ریپڈ SARS-CoV-2 اینٹیجن ٹیسٹ کارڈ سے متعلق ہے، پروڈکٹ کوڈ: 07AG6007BS۔

**اپنے تمام ٹیسٹ کے نتائج کی رپورٹ NHS کو کریں**

Withdrawn January 2024